تحفظ بچگان کی تعلیم

والدین اور نگرانوں کے لیے معلومات

سکول کا نام Name of school	
تعلیمی پروگرام میں شریک درجہ/درجات Participating Year/s	
فی ہفتہ اسباق Number of lessons per week	
سکول میں رابطہ شخص School contact person	
رابطہ شخص کا فون نمبر Contact telephone number	

محترم والدین اور نگران خواتین و حضرات

اس سال مندرجہ بالا درجات کے طالبعلم ذاتی نشوونما، صحت اور فزیکل ایجوکیشن (Personal Development, Health and Physical Education) (PDHPE) کے لازمی مضمون میں شریک ہوں گے۔

ہمارے سکول کے PDHPE پروگرام میں تحفظ بچگان کی لازمی تعلیم شامل ہے۔ تحفظ بچگان کی تعلیم میں پڑھایا جانے والا کچھ مواد حسّاس معاملات سے تعلق رکھتا ہے۔ سکول عمر کے لحاظ سے مناسب انداز میں یہ مواد پڑھائے گا۔

اگلے صفحے پر وہ مخصوص مواد دکھایا گیا ہے جو تحفظ بچگان کی تعلیم میں شامل ہو گا۔

تحفظ بچگان کی تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی PDHPE ویب سائیٹ پر Child protection and respectful relationships education (تحفظ بچگان اور احترام پر مبنی رشتوں کی تعلیم) کا حصہ دیکھیں۔

اس ٹرم میں تحفظ بچگان کی تعلیم کے فی ہفتہ اسباق کی تعداد اوپر دکھائی گئی ہے۔

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی سکول کے اس رابطہ شخص سے رابطہ کریں جس کا نام اور فون نمبر اوپر لکھا ہے۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کیلئے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہے تو براہ مہربانی 13 14 50 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں مدد کے لیے فون لائن پر انٹرپریٹر مہیا کر دے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

پرنسپل (Principal)

تحفظ بچگان کی تعلیم میں پڑھائے جانے والے مواد میں یہ شامل ہے:

The content which will be covered in child protection education includes:

(Staff to tick the relevant boxes below for Stage 5 content.)

- [ ] شناخت کے حوالے سے معاشرتی قاعدے، سٹیریوٹائپس (گھسے پٹے تصّورات) اور توقعات
Norms, stereotypes and expectations in relation to identity
- [ ] انسانی تنوّع اور سب کو شریک کرنے کی قدر کرنا
Valuing diversity and inclusivity
- [ ] برابری اور احترام پر مبنی تعلقات بنانا
Developing equal and respectful relationships
- [ ] رویّوں اور حالات کو محفوظ یا غیر محفوظ ہونے کے حوالے سے جانچنا
Assessing behaviours and situations as safe or unsafe
- [ ] رشتوں میں مثبت طاقت اور منفی طاقت
Positive and negative power in relationships
- [ ] بدسلوکی اور غفلت
Abuse and neglect
- [ ] بدسلوکی والے حالات کو پہچاننا اور ان پر قدم اٹھانا
Recognising and responding to abusive situations
- [ ] صنف اور تشدّد
Gender and violence
- [ ] امتیازی سلوک، تنگ کرنا اور بدنام کرنا
Discrimination, harassment and villification
- [ ] رشتوں میں غیرمحفوظ، بدسلوکی اور تشدّد والے حالات سے نبٹنے کے طریقے
Strategies to manage unsafe, abusive and violent situations in relationships
- [ ] بات چیت، رابطے اور مدد مانگنا
Communication, connections and asking for help
- [ ] مختلف جنسی انتخاب اور رضامندی کی اہمیت
Sexual choices and the importance of consent
- [ ] مشورے اور مدد کے لیے نیٹ ورکس اور خدمات تک رسائی
Accessing networks and services for advice and support